# Urdu - FSC Part 1 Urdu Chapter 19 Short Questions Online Test

Q1. مصنف کے خیال میں گندے آنڈوں کا کیا مصرف ہے.

**Ans 1:** مصنف کے خیال میں گندے انڈے ہوٹلوں اور سیاسی جلسوں کے لیے دگنے داموں بیچے جاسکتے ہیں.

---

Q2. مصنف کا دوست اپنی مرغیاں مصنف کو کیوں دینا چاہتا تھا.

**Ans 1:** مصنف کے دوست کا گھر مختصر تھا آدھے گھر میں وہ رہتے تھے اور آدھے میں مرغیاں اب ان کے عزیز چھٹیاں گزارنے ان کے پاس ارہے تھے اس لیے وہ اپنی مرغیاں مصنف کو دینا چاہتے تھے

---

Q3. "اپنی مدد آپ" کا کیا فائدہ ہے.

**Ans 1:** "اپنی مدد آپ" کا یہ فائدہ ہے کہ دوسرے بھی اپ کی مدد کو پہنچ جاتے ہیں.

---

Q4. مصنف کے نزدیک وہ کون سی سنگین غلط فہمی ہے جس میں عوام و خواص مبتلا ہیں۔.

**Ans 1:** مصننف کے نزدیک عوام و خواص ایک سنگین غلط فہمی کا شکار ہیں کہ مرغیاں دڑبے اور ٹاپے میں رہتی ہیں.

---

Q5. ابن انشا نے قیام کی کیا راحتیں اور برکتیں بیان کی ہیں.

**Ans 1:** نہ پاسپورٹ کی فکر، نہ ویزا لگوانے کےلے بھاگ دوڑ، نہ فارن ایکسچینج کاٹنا اور نہ ہوائی کمپنیوں کے پھیرے قیام کرنے سے ان تمام چیزوں سے انسان کو چھٹکارا حاصل ہوجاتا ہے.

---

Q6. تعلیم یافتہ افراد اور اردو شعراء کس خوش فہمی میں مبتلا ہیں.

**Ans 1:** تعلیم یافتہ افراد اور اردو شعراء اس لیے اس خوش فہمی میں مبتلا ہیں کہ مرغ صرف صبح آزان دیتا ہے.

---

Q7. لوک داستان کسے کہتے ہیں.

**Ans 1:** آیسی مقامی زبان کی کہانی جس میں کوئی اخلاقی سبق دیا گیا ہو لوک داستان کہلاتی ہے.

---

Q8. کبوتری کے اصرار پر کبوتر دوستی کے لیے سب سے پہلے کس کے پاس گیا.

**Ans 1:** کبوتری کے اصرار پر کبوتر دوستی کے لیے سب سے پہلے گدھوں کے جوڑے کے پاس گیا.

---

Q9. ابن انشا کو کون سے ندیدہ جزیرے میں جا نکلنے کا خدشہ تھا.

**Ans 1:** وہ جزیرہ جہاں سند باد نکلا تھا

---

Q10. ابن انشاء مضمون لکھتے ہوئے کس شہر میں تھے

**Ans 1:** ابن انشائ مضمون لکھتے ہوئے سنگا پور میں تھے

---